OPERATION ENCOMPASS

آپریشن اینکمپس ایک قومی منصوبہ ہے جو سکولوں اور تمام پولیس فورسز کی طرف سے مشترکہ طور پر چلایا جاتا ہے۔

"وہ بچے جو گھریلو تشدد کا سامنا کرتے ہیں انہیں ان کے دعویٰ کے مطابق گھریلو تشدد کا شکار افراد کہا جاتا ہے[1]"

"بچے جو ایسے گھروں میں رہتے ہیں جہاں گھریلو تشدد ہوتا ہے، یا وہ بچے جو بیس سال سے کم عمر کے دوران اپنے تعلقات میں گھریلو تشدد کا سامنا کرتے ہیں، پر اس تجربہ (یعنی گھریلو تشدد) کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔"

"ہم نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ ہمارے سٹاف کے ایک ممبر، (سیف گارڈنگ لیڈ کے عہدہ پر فائز فرد) جسے کی اڈلٹ بھی (Key Adult) کہا جاتا ہے، کو آپریشن اینکمپس کے طریقہ ہائے کار کے بارے میں مکمل تربیت دی گئی ہے۔ اس سے ہم ان معلومات کو استعمال کرسکتے ہیں جو پولیس کی طرف سے ہمارے ساتھ رازدارانہ طریقے سے شیئر کی جاتی ہیں اور ان کا مقصد اس بات کو سمجھنا ہے کہ کس طرح ایک بچہ گھریلو تشدد سے متاثر ہوسکتا ہے۔ بعد ازاں، ان معلومات کی بنیاد پر ہماری نگہداشت میں موجود بچے/بچوں کو معاونت فراہم کی جاتی ہے۔"

"آپریشن اینکمپس کا مطلب یہ ہے کہ جب پولیس گھریلو تشدد کے کسی ایسے واقعہ کو نمٹاتی ہے جس میں ہمارے سکول پڑھنے والے بچے یا نوجوان کا تعلق ان افراد سے ہو جو اس واقعہ میں ملوث تھے تو پڑھائی کے اگلے دن کے آغاز سے پہلے ہمارے سکول کو اس بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔"

"ان معلومات کا مطلب یہ ہے کہ ہم بچے کے رویہ کو سمجھ سکیں اور اسے اس طریقے سے مدد فراہم کر سکیں جو اسے ضرورت ہے یا جو وہ چاہتا ہے۔"

"ہم اپنے تمام طالب علموں کو ہر ممکن حد تک بہترین معاونت پیش کرنے میں بھرپور دلچسپی رکھتے ہیں اور ہمارا یقین ہے کہ پریشن اینکمپس کا حصہ ہونا ہمارے لیے ایسا کرنے میں مدد گار ثابت ہوتا ہے۔"

[1] ڈومیسٹک ابیوز (گھریلو تشدد) ایکٹ 2021

www.operationencompass.org